سوال

اگرانسان ایام بیض کے دنوں میں شوال کے چھ روزے رکھے توکیا اسے دہرا اجر ملے گا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگرانسان ایام بیض کے دنوں میں ایام بیض اور شوال دونوں کی نیت کرتے ہوئے روزہ رکھے تو اللہ تعالی سے یہی امید ہے کہ اسے دونوں کا اجر ملے گا، شوال کے روزے کا بھی اور ایام بیض کے روزے کا بھی، کیونکہ اللہ تعالی کا فضل بہت وسیع ہے۔

سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى (صحيح البخاري، بدء الوحي: 1، صحيح مسلم، الإمارة: 1907

اعمال کا مدار نیتوں پر ہے اور ہر آدمی کو اس کی نیت ہی کے مطابق پھل ملے گا۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ عطاء الرحمن علوی